# اکثر و بیشتر کیے جانے والے سوالات برائے سابقہ سلک بینک کسٹمرز

(یو بی ایل کے ساتھ بعد از انضمام - یکم ستمبر 2025 سے قابلِ اطلاق)

**۱۔ کیا میرا اکاؤنٹ نمبر تبدیل ہوجائے گا؟کیا IBAN میں بھی کوئی تبدیلی ہوگی؟**

- آپ کا موجودہ اکاؤنٹ نمبر غیر تبدیل شدہ رہے گا۔
- سابقہ IBANکو یوبی ایل کے مطابق کردیا جائے گا۔ آپ اپنے ویلکم لیٹر میں اپنا نیا یو بی ایل IBAN حاصل کریں گے۔

متبادل کے طور پر، آپ یو بی ایل کی ویب سائٹ پر بھی اپنا IBAN خود بناسکتے ہیں۔

**۲۔ کیا میں اپنا سلک بینک ڈیبٹ کارڈ اور چیک بک کا استعمال جاری رکھ سکتا /رکھ سکتی ہوں؟**

- تمام سلک بینک ڈیبٹ کارڈز 31 اگست 2025کو غیر فعال کردیے جائیں گے۔
- آپ کے اکاؤنٹ کے لیے نئی یو بی ایل چیک بک جاری کردی گئی ہے۔
- اپنا نیا یو بی ایل ڈیبٹ کارڈ اور چیک بک حاصل کرنے کے لیے براہِ مہربانی اپنی برانچ تشریف لائیں۔

**۳.	میں اپنا نیا یو بی ایل ڈیبٹ کارڈ کیسے ایکٹیویٹ کرسکتا /کرسکتی ہوں؟**

آپ اپنا نیا یو بی ایل ڈیبٹ کارڈ،یو بی ایل ڈیجیٹل ایپ کے ذریعے ایکٹیویٹ کرسکتے ہیں۔ ایکٹیویٹ کرنے کے لیے درج ذیل اسٹیپس پر عمل کریں:

- یو بی ایل ڈیجیٹل ایپ پر لاگ ان کریں۔
- کارڈ منیجمنٹ آپشن میں سے "My Cards" منتخب کریں۔
- "card to activate" کو منتخب کریں۔ "Activate card" کو منتخب کریں۔
- کارڈ کی تفصیلات درج کریں اور اپنے کارڈ کو ایکٹیویٹ کرنے کے لیے Card PIN کو سیٹ کریں۔

اپنے ڈیبٹ کارڈ کو ایکٹیویٹ کرنے کے لیے ہمارے دیگر چینلز یعنی ہمارے سیلف سروس نمبر 021-3240293 پرکال کریں یا اپنی قریبی یو بی ایل اے ٹی ایم وزٹ کریں۔

**۴.	میں اپنی نئی یو بی ایل چیک بک کیسے ایکٹیویٹ کرسکتا /کرسکتی ہوں؟**

۱۔	یو بی ایل ڈیجیٹل ایپ پر لاگ ان کریں۔

۲۔	'اکاؤنٹ سیکشن' میں جائیں اور 'چیک منیجمنٹ' کا انتخاب کریں۔

۳۔	'ایکٹیویشن 'آپشن کا انتخاب کریں۔

۴۔	اپنی چیک بک کے پہلے اور آخری صفحے کے چیک نمبرز درج کریں۔

۵۔	اپنی درخواست کی تصدیق کے لیے OTP کا انتخاب کریں۔

ایکٹیویشن کے لیے آپ کی درخواست پر عمل شروع کیا جائے گا اور جلد ہی چیک بک کو ایکٹیویٹ کردیا جائے گا۔

**۵. میرے سلک بینک کریڈٹ کارڈ کا کیا ہوگا؟**

سابقہ سلک بینک کریڈٹ کارڈز مزید کسی نئے نوٹس کے جاری ہونے تک فعال رہیں گے۔آپ اپنی سہولت کے لیے یو بی ایل کریڈٹ کارڈ کی درخواست دے سکتے ہیں۔

**۶. میرے سلک بینک کے لونز یا فنانسنگ کی سہولیات کا کیا ہوگا؟**

تمام موجودہ لونز، آٹو فنانسنگ، ہوم فنانسنگ اور دیگر سہولیات منظور شدہ شرائط و ضوابط کے تحت فعال رہیں گی۔ تاہم، ادائیگیاں اب یو بی ایل چینلز کے ذریعے کی جائیں گی۔

**۷. کیا میرے یوٹیلیٹی بلز یا قرض کی ادائیگیوں کے لیے میرے اکاؤنٹ کی تفصیلات میں بھی تبدیلی ہوگی؟**

آپ کا اکاؤنٹ نمبر وہی پرانا رہے گا، مگر آپ کا IBAN تبدیل ہوجائے گا۔ آپ کے سلک بینک اکاؤنٹ سے متعلق اہم ہدایات یا قرض کی ادائیگیاں یو بی ایل کے ذریعے جاری رہیں گی۔

**۸. سلک موبائل اور سلک ڈیجیٹل نیٹ بینکنگ کا کیا ہوگا؟**

- تمام سلک بینک کرنٹ اور سیونگز اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے 31 اگست 2025 سے سلک موبائل ایپ اور سلک ڈیجیٹل نیٹ بینکنگ غیر فعال کردی جائے گی۔
- بغیر کسی رکاوٹ کے ڈیجیٹل بینکنگ کے لیے یو بی ایل ڈیجیٹل ایپ (پلے اسٹور/ایپ اسٹور) ڈاؤن لوڈ کریں۔
- یو بی ایل کی باسہولت برانچ لیس بینکنگ تک رسائی کے لیے آپ یو بی ایل نیٹ بینکنگ اور یو بی ایل ڈیجیٹل بڈی (واٹس ایپ بینکنگ) استعمال کرسکتے ہیں۔

**۹. کیا میں اپنی سلک موبائل ایپ یا نیٹ بینکنگ کی تفصیلات سے لاگ ان کرکے یو بی ایل ڈیجیٹل ایپ اور یو بی ایل نیٹ بینکنگ استعمال کرسکتا /کرسکتی ہوں؟**

نہیں۔ تمام سابقہ سلک بینک کرنٹ اور سیونگز اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ یو بی ایل ڈیجیٹل ایپ پر خود کو رجسٹر کروائیں۔آپ کے سلک موبائل اور سلک

ڈیجیٹل نیٹ بینکنگ کا یوزرنیم(user name) اور پاسورڈ قابلِ رسائی نہیں ہوں گے۔

**۱۰۔ میں یو بی ایل ڈیجیٹل ایپ تک کیسے رسائی حاصل کرسکتا /کرسکتی ہوں اور اسے کیسے ڈاؤن لوڈ کرسکتا/کرسکتی ہوں؟**

بینکنگ جاری رکھنے کے لیے آپ یو بی ایل ڈیجیٹل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں اور خود کو رجسٹر کروائیں۔

**iOS استعمال کرنے والوں کے لیے:**

https://apps.apple.com/us/app/ubl-digital-safe-banking/id1203678041

**(Android)اینڈروائیڈ استعمال کرنے والوں کے لیے:**

https://play.google.com/store/apps/details?id=app.com.brd&hl=en&pli=1

**۱۱۔ میں یو بی ایل ڈیجیٹل ایپ پر خود کوکیسے رجسٹر کرواسکتا /سکتی ہوں؟**

۱۔ ایپ اسٹور سے یو بی ایل ڈیجیٹل ایپ ڈاؤن لوڈکریں۔

۲۔ ایپ کھولیں اور 'Sign up' کا انتخاب کریں۔ آپ کے موبائل کے کیمرہ اور لوکیشن کے لیے رسائی بے حد ضروری ہے۔

۳۔ اگلی اسکرین پر،اپنا موجودہشناختی دستاویز: قومی شناختی کارڈ، NICOP، POC یا پاسپورٹ کا انتخاب کریں اور متعلقہ فیلڈ میں اپنی معلومات درج کریں۔

۴۔ اپنا رجسٹرڈ موبائل نمبر درج کریں اور شرائط و ضوابط قبول(accept) کریں۔

۵۔ اپنی ڈیوائس کی تصدیق کریں اور OTP فراہم کرکے نمبر رجسٹر کریں۔OTP خودکار طریقہ کار کے ذریعے آپ کی ڈیوائس کی تصدیق کرے گا۔

۶۔ اپنا یوزر نیم (user name) اور پاسورڈز سیٹ کریں۔

۷۔ اپنی بائیو میٹرک تصدیق فراہم کریں۔ ان تمام مراحل کے بعد آپ یو بی ایل ڈیجیٹل ایپ پر رجسٹر ہوجائیں گے۔

- حفاظتی اقدامات کے تحت آپ کی ایپ عارضی طور پر دو(2) گھنٹوں کے لیے غیر منقطع رہے گی۔ دو(2) گھنٹوں کے بعد آپ کی اپنے اکاؤنٹ تک مکمل رسائی ہوگی۔
- براہِ مہربانی یہ نوٹ فرمائیں کہ سائن ان کرنے سے کسٹمرز کو 100,000/- روپے تک کی ڈیفالٹ لمٹ فراہم کی جائے گی جنھیں یو بی ایل ڈیجیٹل ایپ کے ذریعے کسی بھی وقت تبدیل کی جاسکتی ہے۔

**۱۲۔ میں یو بی ایل ڈیجیٹل بڈی (واٹس ایپ بینکنگ) تک کیسے رسائی حاصل کرسکتا/کرسکتی ہوں؟**

آپ اپنے فون بک میں 021-111-825-888 محفوظ کرکے واٹس ایپ پر AI پر مبنی یو بی ایل ڈیجیٹل بڈی تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔ ہیلو/ہائے/سلام کرکے چیٹنگ شروع کریں۔ متبادل کے طور پریو بی ایل ڈیجیٹل ایپ کے ساتھ چیٹنگ کے لیے یہاں کِلک کریں۔

**۱۳۔ میں یوبی ایل نیٹ بینکنگ تک کیسے رسائی حاصل کرسکتا /کرسکتی ہوں؟**

یوبی ایل نیٹ بینکنگ تک رسائی کے لیے یہاں کِلک کریںبرانچ لیس بینکنگ سے جڑی اپنی تمام ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے اپنی یو بی ایل کی انٹرنیٹ بینکنگ استعمال کرنے کے لیے اپنے یو بی ایل ڈیجیٹل ایپ کا یوزر نیم(user name) اور پاسورڈ سے لاگ ان کریں۔

**۱۴۔ مدد/معاونت کے لیے میں کس سے رابطہ کرسکتا ہوں؟**

یو بی ایل کے 24/7 رابطہ سینٹر میں 021-111-825-888 پر کال کریں یا اپنی قریبی یو بی ایل برانچ تشریف لائیں۔